پریس ریلیز (Also emailed*/faxed separately)

رائے عامہ سروے

## سیاسی رائے

# نصف سے زائد پاکستانی(56%) معاشی لحاظ سے چین کے ساتھ شراکت داری کو ترجیح دیتے ہیں، جبکہ 13% امریکہ کے ساتھ شراکت داری چاہتے ہیں۔

تفصیلی رپورٹ دیکھنے کے لیے یہاں کلک کریں۔


**(GIA اور گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،**

(اسلام آباد)، 09 مارچ، 2023

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، نصف سے زائد پاکستانی(56%) معاشی لحاظ سے چین کے ساتھ شراکت داری کو ترجیح دیتے ہیں، جبکہ 13% امریکہ کے ساتھ شراکت داری چاہتے ہیں۔

سروے میں پاکستان بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" برائے مہربانی بتائیں کہ آپ معاشی لحاظ سے مندرجہ ذیل ممالک ا مریکہ، چین ، روس، یورپی یونین میں سے کس کے ساتھ شراکت داری / پارٹنر شپ (partnership) کو ترجیح دیں گے۔ اگر ان کے علاوہ کوئی ترجیح ہے تو برائے مہربانی تحریر کریں؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 56% جوابدہندگان کے مطابق وہ معاشی لحاظ سے چین کے ساتھ شراکت داری / پارٹنر شپ کو ترجیح دیں گے، 13% جوابدہندگان کے مطابق وہ معاشی لحاظ سے امریکہ کے ساتھ شراکت داری/پارٹنرشپ کو ترجیح دیں گے، 8% جوابدہندگان معاشی لحاظ سے روس کے ساتھ، دیگر 8% جوابدہندگان معاشی لحاظ سے دیگر ممالک کے ساتھ، جبکہ صرف 4% جوابدہندگان کے مطابق وہ معاشی لحاظ سے یورپی یونین کے ساتھ شراکت داری/پارٹنرشپ کو ترجیح دیں گے۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ معاشی لحاظ سے مندرجہ ذیل ممالک امریکہ، چین، روس، یورپی یونین میں سے کس کے ساتھ شراکت داری/پارٹنرشپ (partnership) کو ترجیح دیں گے۔ اگران کے علاوہ کوئی ترجیح ہے تو برائے مہربانی تحریر کریں؟"**




*Source: GIA 75 Survey 2022*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

یہ نتائج گیلپ انٹرنیشنل (جسے 1947 میں عالمی شہرت یافتہ اسکالر اور پولسٹر ڈاکٹر جارج گیلپ نے قائم کیا تھا) کی جانب سے تشکیل دیے جانے والے سالانہ سروے جسے 64 ملکوں میں منعقد کیا گیا تھا میں سے ہیں۔ اور پاکستان میں یہ سروے گیلپ پاکستان نے کیا ہے جو کہ سروے کرنے والے اداروں میں سے پاکستان کا سب سے تجربہ کار اور قابل اعتماد ادارہ ہے جو کہ 1979 کے بعد سے کام کر رہا ہے۔

**سروے کے طریقے کار کا خلاصہ:** اس سروے میں دنیا بھر سے 59,842 افراد شامل ہیں۔ یہ سروے اگست سے اکتوبر 2022 کے دوران فیس ٹو فیس، ٹیلی فون یا آن لائن کے ذریعے ہر ملک میں تقریبا 1000 مردوں اور خواتین سے کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±3-5% لگایا گیا ہے۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, March 9th, 2023**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2023

celebrating
43
years
of Gallup Pakistan
(1980-2023)